18 مارچ،2014ء

شریعہ آڈٹ رپورٹ برائے بورڈ آف ڈائریکٹرز

نحمده ونصلي ونسلم على رسوله الكريم وعلىٰ آلهٖ وأصحابه أجمعين، وبعد !

الحمدللہ، ہم نے پاک قطر جنرل تکافل لمیٹڈ (کمپنی) کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے سال 2013ء کا شرعی نقطۂ نظر سے جائزہ لیا۔

ہم کمپنی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی حیثیت سے اس بات سے بخوبی باخبر ہیں کہ کمپنی اور شرکاءِ تکافل سے متعلق تمام مالی معاملات اور مختلف عقود و معاہدات کو شرعی قواعد و ضوابط کے مطابق یقینی بنانا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔ اسی طرح کمپنی کی منتظمہ کمیٹی کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ شریعہ بورڈ کی طرف سے جاری کردہ اُصول و ضوابط اور گائیڈ لائنز پر اہتمام کے ساتھ عمل کرانے کو یقینی بنائے۔ مزید برآں یہ کہ تمام تکافل پالیسیز اور تکافل خدمات شرعی قواعد و ضوابط کے مطابق اور باقاعدہ شریعہ بورڈ سے منظور شدہ ہوں۔ بہرحال اس ضمن میں کمپنی کے شریعہ کمپلائنس ہونے کا جائزہ لینا ہمارے شریعہ آڈٹ کا حصہ ہے۔

یہ بات اہم ہے کہ کمپنی نے تقریباً اپنی ابتداء ہی سے اس بات کا اہتمام کیا ہے کہ شریعہ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر اہتمام سے عمل کیا جائے اور تمام تکافل پالیسیز، تکافل خدمات اور مختلف فنڈز کی سرمایہ کاری شرعی قواعد و ضوابط کے مطابق انجام دی جائے اور یہ باقاعدہ طور پر شریعہ بورڈ سے منظور شدہ بھی ہوں۔

بہرحال ہماری معلومات کے مطابق:

۱......سال 2013ء میں کمپنی کی جانب سے کیے گئے تمام مالی معاملات شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی جانب سے دی گئی گائیڈ لائنز اور تکافل رولز 2005ء کے مطابق تھے۔

۲......گذشتہ سال کی بنسبت رواں سال کمپنی کے آپریشن ڈیپارٹمنٹ نے شریعہ بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی جانے والی ہدایات کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو بحسن و خوبی انجام دیا اور حتی الامکان غیر شرعی معاملات سے احتراز کیا گیا۔ سوائے اُن چند معاملات کے جو شرعی اعتبار سے درست نہ تھے، جن کے بارے میں کمپنی انتظامیہ کو نہ صرف تنبیہ کردی گئی ہے بلکہ ان سے حاصل ہونے والی آمدنی کو بھی چیریٹی فنڈ میں دینے کا حکم دے دیا گیا ہے۔

۳......الحمدللہ، بحثیت مجموعی کمپنی کے معاملات شریعہ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ شریعہ گائیڈ لائنز اور قواعد و ضوابط کے مطابق تھے، نیز وقف فنڈ کے لئے اختیار کی گئی اکاؤنٹنگ اصول و ضوابط نہ صرف اطمینان بخش ہیں بلکہ ان اختیار دہ شدہ اصول و ضوابط سے بھی ہم اتفاق کرتے ہیں۔ واللہ اُعلم بالصواب وعلمہ اُتم و اُحکم

در نیابت چیئرمین شریعہ ایڈوائزری بورڈ

ڈاکٹر مفتی محمد زبیر عثمانی
ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ

ڈاکٹر مفتی عصمت اللہ
ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ